**09.10.2023**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. ارجمند علی خان

**Music**

☆ انتخابی کمیشن نے 5 ریاستوں راجستھان، مدھیہ پردیش، تلنگانہ، چھتیس گڑھ اور میزورم میں اسمبلی چناؤ کی تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔ پولنگ 7، 17، 23 اور 30 نومبر کو ہوگی۔
☆ سبھی ریاستوں میں ووٹوں کی گنتی 3 دسمبر کو ہوگی۔
☆ وزیراعظم نریندر مودی اور تنزانیہ کی صدر Samia Suluhu Hassan نے آج نئی دلی میں وسیع تر معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں اور انہیں مزید مستحکم کرنے کے طریقہ کار پر بات چیت کی۔
☆ حماس کے ساتھ جاری لڑائی میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کرگئی ہے۔
☆ اور...... مردوں کے ایک روزہ میچوں کے ICC عالمی کپ میں آج حیدرآباد میں نیوزیلینڈ کا مقابلہ نیدرلینڈ سے ہونے والا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**ECI Dates**

انتخابی کمیشن نے آج پانچ ریاستوں، راجستھان، مدھیہ پردیش، تلنگانہ، چھتیس گڑھ اور میزورم میں اسمبلی انتخابات کیلئے تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔ چھتیس گڑھ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں 7 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے، جبکہ دوسرے مرحلے کا چناؤ 17 نومبر کو ہوگا۔ میزورم میں 7 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے، جبکہ مدھیہ پردیش میں 17 نومبر کو، راجستھان میں 23 نومبر کو اور تلنگانہ میں 30 نومبر کو انتخابات ہوں گے۔ سبھی ریاستوں کیلئے ووٹوں کی گنتی 3 دسمبر کو ہوگی۔
نئی دِلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے کہا کہ ان پانچ ریاستوں میں انتخابات اِس اعتبار سے اہمیت کے حامل ہیں کہ 2024 کے عام انتخابات سے قبل یہ آخری اسمبلی انتخابات ہیں۔

اُنہوں نے کہا کہ کمیشن، اِن پانچ ریاستوں میں آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ چناؤ کمیشن نے صاف ستھرے اور سب کی شمولیت والے انتخابی فہرستوں کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ اِن پانچ ریاستوں میں **679** اسمبلی سیٹیں اور **16** کروڑ رائے دہندگان ہیں۔ اِن انتخابات میں تقریباً **60** لاکھ رائے دہندگان ایسے ہیں، جو پہلی بار اپنے حق رائے دہی کا استعمال کررہے ہیں۔ کمیشن نے سبھی پانچ ریاستوں کا دورہ کیا تھا اور وہاں کے **CEOs**، ضلع اور ریاستی انتظامیہ اور مرکزی اور ریاستی انفورسمنٹ ایجنسیوں کے ساتھ جائزہ میٹنگ کی تھی۔ ان ریاستوں میں **17** ہزار **734** ماڈل پولنگ اسٹیشنز ہوں گے۔ **621** پولنگ بوتھوں کا انتظام **PWD** اسٹاف سنبھالیں گے۔

## Rajnath Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج سے بارہ اکتوبر تک اٹلی اور فرانس کا دورہ کریں گے۔ دو ملکوں کے اس دورے کے پہلے مرحلے میں وزیر موصوف، روم میں اٹلی کے وزیرِ دفاع **Guido Crisetto** سے ملاقات کریں گے۔ بھارت اور اٹلی کے درمیان رشتوں میں اس سال مارچ میں اہم شراکت داری تک اضافہ ہوا تھا، جب اٹلی کے وزیراعظم نے بھارت کا دورہ کیا تھا۔

جناب سنگھ اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں پیرس میں اپنے ہم منصب، فرانس کے مسلح فوجوں کے وزیر **Sebastian Lecornu** کے ساتھ دفاع سے متعلق پانچویں سالانہ مذاکرات کریں گے۔

بھارت اور فرانس نے حال ہی میں اپنی شراکت داری کے **25** سال کا جشن منایا تھا۔ دونوں ملکوں کے درمیان گہرے اور وسیع دو طرفہ دفاعی تعلقات ہیں، جن میں اہم صنعتی تعاون بھی شامل ہے۔

وزیر دفاع روم اور پیرس دونوں ہی شہروں میں دفاع کی صنعت کے **CEOs** اور سینئر نمائندوں سے بھی بات چیت کریں گے وہ صنعتی تعاون کے لیے امکانی موقعوں پر بات چیت کریں گے۔

## Tanzania Prez. India

وزیراعظم نریندر مودی اور تنزانیہ کی صدر سامعہ **Suluhu** حسن نے آج نئی دلی میں وسیع موضوعات پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا اور دونوں ملکوں کے درمیان قریبی اور تاریخی رشتوں کو مزید مستحکم کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقوں نے وفد کی سطح کی بات چیت بھی کی۔ ایجنڈے میں تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع اور بحری سلامتی، ترقیاتی ساجھے داری، اعلیٰ تعلیم اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات سمیت دوطرفہ اشتراک کے بہت سے شعبے شامل تھے۔

دورے پر آئی ہوئیں معزز شخصیت نے آج صبح راج گھاٹ پر گلدائرہ نذر کیا اور مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راشٹرپتی بھون کے سبزہ زار پر ان کا باقاعدہ استقبال کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے اظہارِ خیال کرتے ہوئے تنزانیہ کی صدر نے کئی دہائیوں سے جاری دونوں ملکوں کے درمیان شاندار تعلقات کیلئے اپنے ملک کی جانب سے ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ اُنہیں امید ہے کہ اُن کے اِس دورے سے سیاسی اور اقتصادی ترقی کیلئے نئی راہیں ہموار ہوں گی۔

اُنہوں نے کہا کہ اُن کا ملک امید کرتا ہے کہ دوطرفہ تعلقات کا سلسلہ، جس کی بنیاد، دونوں ملکوں کے آباء واجداد نے ڈالی تھی، صدیوں تک جاری رہے گا۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ تنزانیہ کی صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد محترمہ سامعہ **Suluhu** حسن کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہے۔ وہ آج بعد میں صدرجمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گی۔

محترمہ مرمو، تنزانیہ کی صدر کے اعزاز میں سرکاری ضیافت کا اہتمام کریں گی۔ تنزانیہ کی صدر کل نئی دِلی میں ایک بزنس اور سرمایہ کاری فورم میں حصہ لیں گی۔

## Rev. Sikkim Flood

سکم میں اچانک سیلاب سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر **34** ہوگئی ہے جس میں **10** فوجی اہلکار بھی شامل ہیں۔

سکم کی قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق ریاستی اتھارٹی کے مطابق **105** افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ ابھی تک **2** ہزار **563** افراد کو بچایا گیاہے جبکہ **6** ہزار **847** افراد **28** امدادی کیمپوں میں پناہ لیے ہوئے ہیں۔ مجموعی طور پر ایک ہزار **381** مکانات کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ تیستا دریا کے طاس کے علاقے میں اچانک آئے سیلاب کے سبب **14** پُل بہہ گئے ہیں۔

اس دوران بھارتی فوج کی ترشکتی کور کے جوان لاپتہ اہلکاروں کی تلاش جاری رکھے ہوئے ہیں۔

ترشکتی کور کے جوان شمالی سکم کے لاچن، لاچھنگ، تھانگو اور چنگ تھانگ میں پھنسے ہوئے ایک ہزار **700** سیاحوں کو بھی مدد پہنچارہے ہیں۔

خراب موسم کے باوجود فوجی جوان ان سیاحوں کو وہاں سے نکالے جانے تک محفوظ رکھنے کی ہرممکن کوشش کررہے ہیں۔ تقریباً چھ ہزار **505** افراد **26** امدادی کیمپوں میں پناہ لیے ہوئے ہیں۔

مرکزی حکومت کی ایک بین وزارتی ٹیم قدرتی آفت سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے سکم میں موجود ہے۔

## Sikkim CM Meeting

سکم کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے آج چیف سکریٹری وی بی پاٹھک، فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے، مشرقی کمانڈ کے **GOC** لیفٹیننٹ جنرل آر پی **Kalita**، **33** کور کے **GOC** لیفٹیننٹ جنرل وی پی ایس کوشک، اور **17** ویں ماؤنٹین ڈویژن کے **GOC** میجر جنرل امت **Kabthiyal** کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی۔

گزشتہ ہفتے قدرتی آفت کے بعد بچاؤ اقدامات اور بازآبادکاری کے کاموں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ میٹنگ حکومت کے اس عہد کو ترجیح دیتے ہوئے کی گئی کہ بحران کے وقت بلارکاوٹ راحتی اقدامات کیے جائیں اور فوجی اہلکاروں کے ساتھ تال میل میں بچاؤ کارروائیاں انجام دی جائیں تاکہ متاثرین کی بحالی کو یقینی بنایا جاسکے۔

**President Agri**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے لچکدار غذائی نظام تشکیل دینے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ انسانیت کی بہتری پر عمل درآمد کرنے اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے چیلنجوں سے نمٹنے میں آسانی ہوسکے۔ صدر جمہوریہ نے آج نئی دلی میں ’’تحقیق سے اثر تک: منصفانہ اور لچکدار غذائی نظام‘‘ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے عنوان پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ انسانیت غذائی اجناس کے بغیر گزارا نہیں کرسکتی۔ انہوں نے غذائی اجناس کی پیداوار کے عمل میں خواتین کی فیصلہ کن شراکت داری کی ضرورت پر زور دیا اور اس شعبے کو مساوی اور لچکدار بنانے کو کہا۔

صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ بھارت تبدیلی کے دور سے گزر رہا ہے اور کئی کاروباری خواتین ، زرعی غذائی اجناس کے شعبے میں اہم کردار نبھا رہی ہیں۔

صدر جمہوریہ نے حیاتی تنوع اور ماحولیات کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ غذا کے تصرف کا طریقہ کار بدلنے کی ضرورت ہے اور لوگوں کو اپنی غذا میں مختلف اجزاء شامل کرنا چاہیئے۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر نریندر سنگھ تومر نے کہا کہ حکومت نے گزشتہ برسوں میں چھوٹے اور حاشیے کے کسانوں کی بہتری کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں۔ اس کے نتیجے میں غذائی اجناس کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔

**Telangana Employees Health Scheme**

تلنگانہ سرکار نے سرکاری ملازمین، اُن کے کنبوں اور اُن پینشن یافتگان کے لیے، نقدی کے بغیر صحت بیمہ اسکیم پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جنھوں نے ملازمین کی صحت اسکیم EHS کے تحت اپنا اندراج کرایا ہوا ہے۔ ریاستی سرکار نے کُل ملازمین کا، حفظانِ صحت سے متعلق ٹرسٹ EHCT تشکیل دیا ہے۔

ملازمین اور پینشن یافتگان EHCT میں ہر ماہ ایک مقررہ رقم جمع کرائیں گے، یہ رقم ان کی تنخواہوں یا پینشن سے ہر ماہ کاٹی جائے گی۔ ریاستی سرکار بھی ہر ماہ اس ٹرسٹ میں اتنی ہی رقم جمع کرے گی۔

EHCT کا بورڈ آف ٹرسٹیز، پالیسی معاملات پر سرکار کو سفارشات پیش کرے گا اور ریاستی سرکار آئندہ دنوں میں EHS کے لیے ایک CEO مقرر کرے گی۔

ملازمین کی نئی صحت اسکیم پر عمل درآمد کے طور طریقوں سے متعلق تفصیلی رہنما خطوط جاری کیے جائیں گے-x-

**Jaishankar IFS Day**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ بھارت کی جی-20 کی صدارت نے اس بات کا مظاہرہ کیا ہے کہ بھارت کی سفارتکاری حقیقی معنوں میں تبدیلی لاسکتی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے انڈین فارن سروس کے دن کے موقع پر IFS افسروں کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ پیچیدہ اور غیریقینی دنیا میں جیسے جیسے بھارت ترقی کررہا ہے

اس کی ذمہ داریاں بھی دن بہ دن بڑھتی جارہی ہیں۔ انہوں نے اعتماد کا اظہار کیا کہ ملک کی طرح IFS بھی اَمرت کال کے نظریے کو استحکام بخشے گی۔

## Israel-Hamas

حماس کے ساتھ جاری لڑائی میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کرگئی ہے۔ ان میں سے تقریباً 700 افراد اسرائیل میں جبکہ 400 غزہ میں مارے گئے ہیں۔ ہزاروں افراد کے زخمی ہونے کا اندیشہ ہے۔ ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھنے کا امکان ہے، کیونکہ کچھ علاقوں سے لڑائی جاری رہنے کی خبریں مل رہی ہیں۔ حماس اور اسرائیلی سیکورٹی اہلکاروں کے درمیان کئی مقامات پر لڑائی جاری ہے۔ اسرائیل کی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ اب تک اُس نے غزہ میں 800 سے زیادہ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے جس میں فضائی حملے بھی شامل ہیں۔

اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ کم از کم 70 ہزار فلسطینیوں نے غزہ میں اُس کے اسکولوں میں پناہ لی ہوئی ہے۔ اُس نے اپیل کی ہے کہ غزہ میں خوراک کی فراہمی کی خاطر انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کوریڈور قائم کیے جائیں۔

## Afghanistan Quake

افغانستان میں شدید زلزلے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 2 ہزار 400 تک پہنچ گئی ہے کیونکہ تلاش اور بچاؤ کی مسلسل کوششوں کے دوران اس طرح کی اطلاعات ہیں کہ کچھ لوگوں کے منہدم عمارتوں میں پھنسے ہونے کا اندیشہ ہے۔ یہ زلزلہ دودہائیوں میں ملک کو سب سے زیادہ متاثر کرنے والے ہلاکت خیز زلزلوں میں سے ایک تھا۔ انسانی ہمدردی سے متعلق اقدامات کے رابطے سے متعلق اقوام متحدہ کے دفتر نے بتایا ہے کہ کم سے کم 465 مکانات کے مکمل طور سے تباہ ہونے جبکہ 135 کو نقصان پہنچنے کی خبریں ہیں۔

چھ اعشاریہ تین شدت کا یہ زلزلہ سنیچر کے روز مغربی ہیرات شہر سے تقریباً چالیس کلومیٹر دور آیا تھا۔ کئی عمارتوں کو نقصان پہنچا، لوگ ملبے میں پھنس گئے اور زلزلے کے بعد بھی تین اور زبردست جھٹکے محسوس کئے گئے۔

## J&K Chopper Service

جموں وکشمیر کے کٹرا میں ویشنودیوی کے لیے ہیلی کاپٹر کی خدمات کل سے مہنگی ہوجائیں گی کیونکہ عقیدت مندوں کو یہ خدمات فراہم کرنے والی کمپنی نے کرایے میں اضافے کا فیصلہ کیا ہے۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ کل سے کٹرا اور سانجھی چھت کے درمیان ہیلی کاپٹر خدمات کے لیے عقیدت مندوں کو زیادہ پیسے دینے ہوں گے۔

**Cricket World Cup**

مردوں کے ایک روزہ میچوں کے ICC عالمی کپ میں آج حیدرآباد کے راجیو گاندھی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں اب سے کچھ دیر بعد نیوزیلینڈ کا مقابلہ نیدرلینڈ سے ہونے والا ہے۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر 2 بجے سے کھیلا جائے گا۔
کل رات چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں عالمی کپ 2023 کے اپنے پہلے میچ میں بھارت نے آسٹریلیا کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔ آسٹریلیا کی جانب سے دیے گئے 200 رن کے نشانے کو بھارت نے 41 اعشاریہ 2 اوورس میں 4 وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ بھارت کے لیے وراٹ کوہلی نے 85 جبکہ کے ایل راہل نے 97 رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔ کے ایل راہل کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

☆☆☆